احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

سوموار 13 اگست 2001ء 22 جمادی الاول 1422 ہجری- 13 ظہور 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 182

سوموار 13 اگست 2001ء

حب الوطنی کا اعلیٰ معیار

حضرت عبداللہ بن عدیؓ بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہؐ مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ جا رہے تھے تو آپ مکہ سے باہر ایک پتھر پر کھڑے ہو گئے اور فرمایا:

اے مکہ تو اللہ کی بہترین زمین ہے- اور اللہ کی زمینوں میں مجھے سب سے زیادہ محبوب ہے- اللہ کی قسم اگر مجھے یہاں سے نکالا نہ جاتا تو میں کبھی یہاں سے نہ نکلتا-

(سنن ابن ماجہ کتاب المناسک باب فضل مکۃ حدیث نمبر 3099)

''پاکستان اور اس کا مستقبل'' کے اہم موضوع پر سیدنا حضرت مصلح موعود کے چھ نہایت بصیرت افروز اور معلومات افزا لیکچرز

یہ لیکچرز 54 سال قدیم ہونے کے باوجود آج بھی تازگی اور رہنمائی کے حامل ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود کے دل میں استحکام و ترقی پاکستان کی زبردست تڑپ موجود تھی- چنانچہ حضور نے ملک کے مدبروں، دانشوروں اور سیاسی شخصیات کو براہ راست اپنے خیالات سے آگاہ کرنے کے لئے لاہور میں نہایت بصیرت افروز لیکچرز کا ایک سلسلہ جاری فرمایا- جو 2 دسمبر 1947ء سے 17 جنوری 1948ء تک کامیابی سے جاری رہا- ان لیکچرز میں حضور نے تفصیل کے ساتھ ملک و قوم کے جملہ اہم مسائل میں اہل پاکستان کی رہنمائی فرمائی اور ان کے سامنے پاکستان کے شاندار مستقبل کے تعلق میں ایسے ایسے پہلو بے نقاب کئے کہ سننے والے دنگ رہ گئے- ان میں بیان کردہ امور آج بھی اس قابل ہیں کہ ان سے رہنمائی حاصل کی جائے- ان چھ لیکچرز کے بعض اہم نکات قارئین الفضل کی دلچسپی کے لئے پیش ہیں-

پہلا لیکچر: اس لیکچر میں حضور نے دنیاوی تحریکات کا ذکر کرتے ہوئے نہایت شرح وبسط سے بتایا کہ پاکستان ایک ارتقائی تحریک ہے- پاکستان کے دفاع کے متعلق حضور نے فرمایا پاکستان کے دفاع کی طرف خاص توجہ کی ضرورت ہے اور وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے کہ آبادی کے ہر طبقے میں تنظیم وضبط کی روح بیدار کی جائے- آپ نے اس امر پر زور دیا کہ ملک کی زرعی ترقی کی طرف توجہ دی جائے- کیونکہ پاکستان میں اس میدان میں بڑے وسیع وعریض ذرائع ہیں اور ترقی یافتہ خطوط پر عملدرآمد کرنے سے بہت جلد زرعی دولت پیدا کی جا سکتی ہے- اسی طرح پاکستان کے علاقے معدنی دولت سے بھی مالا مال ہیں- معدنیاتی وسائل کے مکمل سروے کا کام وقت کا اہم تقاضا ہے-

دوسرا لیکچر: اپنے دوسرے لیکچر میں حضور نے فرمایا ملک کی حفاظت اور اس کی ترقی کے لئے سوختنی اور تعمیری لکڑی کا وجود نہایت ضروری ہے- لکڑی کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان میں فوراً پلاسٹک کے کارخانے جاری کرنے کی کوشش کرنی چاہئے- فرمایا پاکستان ایک آزاد ملک ہے، اس کے لئے موقع ہے کہ اپنی نباتی دولت سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھائے-

تیسرا لیکچر: حضور نے فرمایا کسی ملک کی معنوی دولت ہی اس کی اصل قوت ہوا کرتی ہے- باقی سب چیزیں اس کے مقابل پر ثانوی حیثیت رکھتی ہیں- اگر پاکستان کا ہر نوجوان عقل سے کام لے- دفاع پر زور دے اور یہ اقرار کرے کہ میں نے اپنی تمام قوتیں ملک وملت کے لئے وقف کر دینی ہیں تو یقیناً ہماری ساری ضرورت پوری ہو سکتی ہیں اور ہم ملک کا بہتر طریق پر دفاع کر سکتے ہیں- حضور نے فرمایا میرا اندازہ ہے کہ ہندوستان کے بیس کروڑ افراد میں سے جتنے سپاہی نکل سکتے ہیں، پاکستان کے دو کروڑ افراد میں سے اتنی ہی تعداد میں لیکن قابلیت کے لحاظ سے ان سے بہتر سپاہی مہیا ہو سکتے ہیں-

حضور نے اس سلسلہ میں نوجوانوں کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ اخلاق کو درست کریں- سوچنے اور غور کرنے کی عادت ڈالیں- وقت کی قدر کریں اور اسے ملک اور قوم کے لئے زیادہ سے زیادہ مفید بنائیں-

چوتھا لیکچر: حضور نے یہ لیکچر پاکستان کی بری، فضائی اور بحری دفاعی طاقت کے لحاظ سے اس کے مستقبل کے متعلق دیا- حضور نے نہایت تفصیل کے ساتھ پاکستان کی دفاعی طاقت کا جائزہ لیا- اس کے بعض قابل توجہ پہلوؤں کی نشاندہی فرمائی اور بعض ایسے اہم اور مفید طریق بتائے جو دفاع پاکستان کے لئے اس دور میں مفید تھے- حضور نے پاکستان کی فضائی طاقت کو مضبوط بنانے پر بھی بہت زور دیا اور فرمایا کہ عوام میں فضائی تربیت حاصل کرنے کا رجحان پیدا کرنا چاہئے-

پانچواں لیکچر: اس لیکچر میں حضور نے بحری طاقت کی اہمیت اور ضرورت پر زور دیتے ہوئے بتایا کہ پاکستان کے پاس اس وقت تجارتی بیڑے کی حفاظت کرنے والے چند چھوٹے جہاز موجود ہیں- اگر اچھے افسر ہوں تو ان ہی سے لڑائی میں کسی حد تک کام لیا جا سکتا ہے- اس کے علاوہ تجارتی بیڑہ قائم کرنا بھی بہت ضروری ہے- حضور نے یہ تحریک بھی کی کہ مسلمان نوجوانوں کو بحری ملازمتیں کرنے اور سمندری سفر کرنے کا اپنے اندر شوق پیدا کرنا چاہئے حضور نے ماحول کے لحاظ سے پاکستان کے دفاع پر روشنی ڈالی اور دیگر ممالک کے ساتھ پاکستان کے سیاسی تعلقات کے سلسلے میں تیرہ اہم تجاویز پیش فرمائیں-

چھٹا لیکچر: اس آخری لیکچر میں حضور نے فرمایا اس وقت یہ سوال اٹھ رہا ہے کہ پاکستان کا دستور اسلامی ہو یا قومی؟ اس بحث میں حصہ لینے والوں کی باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ آئین عام اور آئین اساسی میں فرق نہیں سمجھتے- آئین اساسی سے مراد وہ قانون ہوتے ہیں جن کی حد بندیوں کے اندر حکومت اپنا کام چلانے کی مجاز ہوتی ہے- اور جن کو وہ خود بھی نہیں توڑ سکتی- فرمایا اسلامی آئین اساسی کے معنے یہی ہوں گے کہ کوئی ایسی بات نہ کی جائے جو قرآن کریم، سنت اور رسول کریم ﷺ کی تعلیم کے خلاف ہو- حضور نے اسلامی اصول پر مبنی گورنمنٹ کے لئے بعض شرائط بیان فرمائیں- اس کے علاوہ مساوات رکھنے کے اسلامی نظام کا تعارف اور بعض احکام کی خصوصیات بھی بیان فرمائیں-

(تاریخ احمدیت جلد نمبر 11 صفحہ 406 تا 437)

پاکستان کے روشن اور شاندار مستقبل کے موضوع پر حضرت مصلح موعود کے چھ لیکچرز اور مدبروں دانشوروں اور قومی اخبارات کا زبردست خراج تحسین

2 دسمبر 1947ء تا 17 جنوری 1948ء لاہور میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے پاکستان کے روشن اور شاندار مستقبل کے حوالے سے معرکۃ الآراء چھ لیکچرز دیئے' ان میں ملک کے مدبر' دانشور اور سیاسی و قومی سوجھ بوجھ رکھنے والے افراد کثیر تعداد میں شامل ہوئے- ان شخصیات نے حضور کے ان بصیرت افروز لیکچرز کو واشگاف الفاظ میں سراہا اور خراج تحسین پیش کیا- اور ان لیکچرز کو حضور کے فہم و فراست کا شاہکار اور تاریخ پاکستان میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا- انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ پاکستان کے ارباب حل وعقد کو چاہئے کہ حضور کے قیمتی مشوروں سے استفادہ کریں اور پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنائیں- ان لیکچرز کے اجلاسات کے صدران نے برملا اپنے صدارتی خطابات میں آپ کے لیکچرز کی تعریف کی- حضور کے ان لیکچرز کے بارے میں ان شخصیات اور بعض انگریزی' اردو اخبارات کی رپورٹیں خراج تحسین اور تبصرے قارئین الفضل کے لئے پیش خدمت ہیں-

ملک فیروز خان نون صاحب

(وزیراعظم پاکستان)

فیروز خان صاحب نون (جو بعد میں وزیراعظم پاکستان بنے) نے اس اجلاس کی صدارت کی جس میں حضور نے اپنا دوسرا لیکچر ارشاد فرمایا- فیروز خان نون نے اپنے صدارتی ریمارکس میں لیکچر کو سراہا اور کہا

''حضرت صاحب کے دماغ کے اندر علم کا ایک سمندر موجزن ہے- انہوں نے تھوڑے وقت میں ہمیں بہت کچھ بتایا ہے اور نہایت فاضلانہ طریق سے مضمون پر روشنی ڈالی ہے-''

(روزنامہ الفضل 9 دسمبر 1947ء)

ملک عمر حیات صاحب

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی

ملک عمر حیات وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی' پرنسپل اسلامیہ کالج لاہور نے تیسرے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے لیکچر کے بعد اپنی طرف سے اور سامعین کی طرف سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا:

''حضرت صاحب کی تقریر اتنی پراز معلومات اور جامع تھی کہ ہم نے اول سے آخر تک یکساں دلچسپی سے سنی ہے-''

(روزنامہ الفضل 4 دسمبر 1947ء)

میاں فضل حسین صاحب

حضور کے چوتھے لیکچر کے بعد صاحب صدر میاں فضل حسین صاحب نے اپنی صدارتی تقریر میں حضور کی پیش کردہ تجاویز پر عمل کرنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ضرورت ہے کہ پاکستان کا ہر فرد فوجی تربیت حاصل کرے-

(روزنامہ الفضل 21 دسمبر 1947ء)

سر شیخ عبدالقادر صاحب

یہ حضور کے پانچویں لیکچر کی تقریب کے صدر تھے انہوں نے فرمایا:

''حضرت مرزا صاحب کے پرمغز اور پراز معلومات لیکچروں کا اصل منشاء یہی ہے کہ ہمارے تعلیم یافتہ طبقہ کو اس اہم موضوع پر غور وخوض کرنے کی طرف توجہ ہو اور انہیں معلوم ہو کہ گو ہمارے سامنے بہت سی مشکلات ہیں لیکن اگر ہم استقلال کے ساتھ ان مشکلات پر قابو پانے کی کوشش کریں گے اور کام کرتے چلے جائیں گے تو یقیناً ہم اپنی منزل کو پالیں گے- حضرت مرزا صاحب نے ان لیکچروں کے ذریعہ ہمارے تعلیم یافتہ طبقہ کی بہت بڑی خدمت کی ہے- ہم سب دل سے ان کے ممنون ہیں-''

(روزنامہ الفضل 11 جنوری 1948ء)

آپ نے چھٹے لیکچر کے اختتام پر اپنی صدارتی تقریر میں کہا:

''حضرات! میں سمجھتا ہوں کہ میں آپ سب کے دل کی بات کہہ رہا ہوں- میں آپ سب کی طرف سے حضرت مرزا صاحب کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں- نہ صرف آج کے لیکچر کے لئے بلکہ گزشتہ پانچ لیکچرز کے لئے بھی جن میں بے شمار اہم معاملات اور مسائل کے متعلق نہایت مفید اور ضروری باتیں آپ نے بیان فرمائی ہیں- میں فاضل مقرر سے درخواست کرتا ہوں کہ اگر ان لیکچرز کو کتاب کی شکل میں شائع کر دیا جائے تو پبلک آپ کی بہت ممنون ہوگی-''

(الفضل 18 جنوری 1948ء)

ملک عبدالقیوم صاحب

پرنسپل لاء کالج لاہور

انہوں نے 4 دسمبر 1940ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں لکھا:

پیارے حضرت صاحب!

کل میں نے پاکستان سے متعلق آپ کا لیکچر نہایت دلچسپی سے سنا اور بہت فائدہ اٹھایا- لیکچر نہ صرف نئے علوم پر مشتمل تھا بلکہ امید اور جرأت و دلیری کی روح سے بھی معمور تھا- یہ صرف لیکچر ہی نہیں تھا بلکہ درحقیقت یہ وقت کا نہایت اہم انتباہ ہے ان لوگوں کے لئے جو اشیاء کو بالکل مختلف زاویہ نگاہ سے دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں-

اثنائے لیکچر میں آپ نے پاکستان کی بری اور بحری سرحدوں کے غیر محفوظ ہونے کی خوب وضاحت فرمائی ہے اور جیسا کہ آپ نے فرمایا ہے یہ بھی کلیتہً حقیقت پر مبنی ہے کہ پاکستان کا قابل انتظام زمینی رقبہ ہی ہمارے حق میں ہوسکتا ہے-

(تاریخ احمدیت جلد 11 ص 408)

پروفیسر شیخ عبدالکریم صاحب

لاء کالج لاہور کے ایک پروفیسر شیخ عبدالکریم صاحب نے کہا:

''حضور کا لیکچر اس قدر بلند تھا اور اس قدر پُراز معلومات کہ ڈیفنس ممبر کو حضرت صاحب سے مشورہ کرتے رہنا چاہئے-''

(تاریخ احمدیت جلد 11 ص 408)

روزنامہ نوائے وقت

مرزا بشیر الدین نے پاکستان کی زرعی پوزیشن پر تبصرہ کرتے ہوئے بیکار زمینوں کو فوراً آباد کرنے پر زور دیا- آپ نے کہا کہ لوہا کے علاوہ پاکستان کے پاس دوسری تمام معدنیات موجود ہیں جن سے پاکستان اپنی ضروریات بوجوہ احسن پوری کرسکتا ہے- اگر کوشش کی جائے بلوچستان میں اتنا پٹرول مل سکتا ہے کہ وہ اباداں کو بھی مات کردے گا- اسی طرح کوئلہ کی کانوں کے لئے جستجو اور تلاش جاری رکھی جائے تو پاکستان اپنی جملہ ضروریات کا خود کفیل ہو جائے گا-

(روزنامہ نوائے وقت 4 دسمبر 1947ء)

روزنامہ زمیندار

امام جماعت احمدیہ مرزا بشیر الدین محمود احمد نے ایک میٹنگ کو خطاب کرتے ہوئے باشندگان پاکستان سے اپیل کی کہ مجاہدین کشمیر کو جو پسماندہ عوام کی خاطر جنگ آزادی لڑ رہے ہیں- ہر قسم کی امداد دی جائے- مجاہدین کی فتح سے پاکستان کی دفاعی لائن بہت مضبوط ہو جائے گی-

آپ نے پاکستان کے دفاعی نقطہ نظر سے جغرافیائی اور معدنی ذرائع کا وسیع سلسلہ بیان کرتے ہوئے کہا- کمرشل انڈسٹری زراعتی اور دفاعی صنعت کی ریسرچ کے لئے پاکستان کا ایک قومی ادارہ قائم کرنا چاہئے- مسٹر جسٹس محمد منیر نے میٹنگ کی صدارت کی-

(روزنامہ زمیندار 4 دسمبر 1947ء)

ایسٹرن ٹائمز

مرزا صاحب نے کہا کہ :-

پاکستان کے عوام کو چاہئے کہ کشمیر کی جنگ آزادی کے لئے سردھڑ کی بازی لگادیں- کیونکہ اسی میں پاکستان کی نوزائیدہ مملکت کے استحکام کا راز پنہاں ہے- مجاہدین اس وقت باطل کے خلاف شدائد و آلام کے باوجود استقلال سے نبرد آزما ہیں- ان کو اس وقت گرم ملبوسات کی اشد ضرورت ہے جو فوری طور پر پہنچانے چاہئیں تاکہ ان کو کچھ سہولت میسر ہو......''

''وقت کی سب سے بڑی ضرورت یہ ہے-''

آپ نے فرمایا کہ ''آبادی کے ہر طبقے میں تنظیم وضبط کی روح بیدار کی جائے-''

آپ نے اس امر پر بھی بے حد زور دیا کہ ملک کی زرعی ترقی کی طرف توجہ دی جائے- کیونکہ پاکستان میں اس میدان میں بڑے وسیع ذرائع ہیں- کیونکہ اضلاع شاہ پور (سرگودھا) جھنگ' مظفر گڑھ اور شمال مغربی سرحد کے بعض علاقے اور تقریباً سارے سندھ کا علاقہ بہت جلد ترقی یافتہ خطوط پر عمل درآمد کرنے سے زرعی دولت پیدا کرسکتے ہیں-

اسی طرح پاکستان کا علاقہ معدنی دولت سے بھی مالا مال ہے مثلاً کوئلہ' سکہ' پٹرولیم' ابرک وغیرہ معدنیات سے استفادہ کا کام ابھی ابتدائی مراحل میں ہے- معدنیاتی وسائل کی مکمل سروے (پیمائش و افزائش) کا کام وقت کا اہم تقاضا ہے- مثلاً بلوچستان کے علاقے میں پٹرولیم کی بہتات تھی- لیکن ابھی تک نتیجہ خیز پیمائش و افزائش کی کوئی کوشش نہیں کی گئی-

(ایسٹرن ٹائمز لاہور 3 دسمبر 1947ء)

روزنامہ نظام

پاکستان کی سرحدی حفاظت کا ذکر کرتے ہوئے حضرت نے فرمایا کہ سرحد سے متعلقہ دیہات اور آبادیوں کو مسلح کر دیا جائے اور انہیں فوراً ملٹری تربیت دی جائے انہوں نے عوام میں نظم وضبط کی سخت ضرورت کا اظہار کیا- ملک کی زراعتی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے آپ

باقی صفحہ 9 پر

پبلشر آغا سیف اللہ- پرنٹر قاضی منیر احمد- مطبع ضیاء الاسلام پریس- مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت 6 روپے

حب الوطنی کے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ارشادات اور تحریکات

جماعت احمدیہ ایک محبّ وطن اور خادم خلق جماعت ہے

احباب اپنے وطن کی حفاظت اور استحکام کے لئے ہمیشہ دعائیں کرتے رہیں

استعدادوں کی نشوونما' طلبا کی صحت اور ملکی معیشت کے متعلق مشورے

محمود مجیب اصغر صاحب

جماعت احمدیہ نے جہاں پاکستان کے قیام کی عظیم جدوجہد میں بھرپور حصہ لیا وہاں قیام پاکستان کے بعد پاکستان کی حفاظت' استحکام اور ترقی کے لئے بھی مقدور بھر کوششیں کیں اور جذبہ حب الوطنی کے تحت پاکستان کی خیر خواہی کو ہمیشہ مقدم رکھا اور قطع نظر اس کے کہ بعض عناصر کی طرف سے جماعت کو بہت دکھ دیئے گئے اور جائز حقوق سے محروم رکھا گیا جماعت کے جذبہ حب الوطنی میں کبھی کوئی رخنہ پیدا نہیں ہوا اور نہ ہو سکتا ہے۔ ہر مشکل گھڑی میں جماعت احمدیہ کے ائمہ نے مالی قربانیوں اور دعاؤں کی تحریکات فرمائیں اور ملک اور قوم کی بے لوث خدمت کرنے کا حکم دیا۔ ہر مخلص احمدی ہر میدان میں ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ اس ملک کی خدمت پر لگا ہوا ہے اور اس کو اپنا فرض سمجھتا ہے۔ ان سطور میں حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے جذبہ حب الوطنی اور ملک وقوم کی حقیقی خیر خواہی سے متعلق ارشادات پیش ہیں۔

پاکستان کی حفاظت اور استحکام کے لئے دعائیں

آپ جب خلیفۃ المسیح منتخب ہوئے اور جلسہ سالانہ آیا تو یہ وہ وقت تھا جب چند ماہ قبل ہندو پاک جنگ 1965ء ختم ہوئی تھی آپ نے اس موقع پر احباب جماعت کو پاکستان کی حفاظت اور اس کے استحکام اور ترقی کے لئے دعاؤں کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا "پاکستان کی حفاظت کے لئے بھی دوست ضرور دعائیں کریں........

.... اپنی دعاؤں میں پاکستان کو خصوصیت کے ساتھ ضرور یاد رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اس کی حفاظت فرمائے اور ملائکہ کی افواج ہمیشہ ہر محاذ پر پاکستان کی مدد کریں"۔

(الفضل ربوہ 22 فروری 1966ء)

اس خطاب میں آپ نے اللہ تعالیٰ کی اس غیر معمولی مدد کا ذکر کیا جو اللہ تعالیٰ نے دشمن کے حملوں کے خلاف فرمائی تھی اور 1965ء کی جنگ میں پاکستان کی نمایاں فتح پر شکرانے کا اظہار کیا اور جماعت کو ملک وقوم کے لئے دعائیں کرنے کا ارشاد فرمایا۔ آپ فرماتے تھے کہ حضرت مسیح موعود کے الہام میں جس قلعہ کا ذکر ہے وہ پاکستان ہے۔

غذائی قلت کے وقت رہنمائی

جنگ کے اثرات سے غلہ کی عارضی قلت کا مقابلہ کرنے کے لئے آپ نے مسکینوں' یتیموں اور اسیروں کو کھانا کھلانے کی تحریک فرمائی اور فرمایا "سب سے پہلے یہ ذمہ واری افراد پر عائد ہوتی ہے۔ اس کے بعد جماعتی تنظیم اور حکومت کی باری آتی ہے"

(خطبہ 17 دسمبر 1965ء) اس سلسلہ میں آپ نے حکومت کی بھی رہنمائی فرمائی چنانچہ 1967ء میں آپ کا پریس انٹرویو ہوا اس موقع پر آپ نے جن خیالات کا اظہار فرمایا اسے پریس میں بھی پذیرائی حاصل ہوئی۔ چنانچہ روزنامہ امروز لاہور نے لکھا۔

"ربوہ 29 جنوری (1967ء) جماعت احمدیہ کے سربراہ مرزا ناصر احمد نے کہا ہے کہ کسی قومی بحران کی صورت میں ایجی ٹیشن کا راستہ اختیار کرنا دانش مندی کے منافی ہے مرزا ناصر احمد نے خوراک کے مسئلہ پر اظہار خیال کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا نکتہ چینی بحران کو حل کرنے میں مدد دینے کی بجائے الجھاتی ہے۔ کسی بھی قومی بحران کی صورت میں تمام شہریوں کا فرض ہونا چاہئے کہ وہ ایک دوسرے کو مطعون کرنے اور ملزم ٹھہرانے کی بجائے بحران کو دور کرنے کی مثبت تدابیر اختیار کریں۔

انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کو چونکہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کو مسلمانوں کے لئے مشعل راہ بنانا تھا اس لئے ان کی زندگی میں وہ تمام واقعات ملتے ہیں جو مسلمانوں کو بعد میں پیش آ سکتے تھے۔ ان میں قحط کا واقعہ بھی موجود ہے۔ مکہ میں قحط پڑا تو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایثار پر زور دیا جس کے نتیجے میں کفار کو کھانا میسر آنے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمودات کی روشنی میں مسلمان آج بھی رات کو یہ اطمینان کر کے سوئیں کہ ہمارا ہمسایہ بھوکا تو نہیں سو رہا تو مسئلے کی شدت کم ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے ہی موقعوں کے لئے فرمایا تھا کہ ایک کا کھانا دو کے لئے اور دو کا چار کے لئے اور چار کا آٹھ کے لئے کافی ہونا چاہئے تو ان کا اشارہ متمول طبقے کی جانب تھا۔ مرزا صاحب نے حزب مخالف کے رویے کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا اگر مقصد لوگوں کا پیٹ بھرنا ہے تو پھر حکومت سے تعاون ضروری ہے۔ انہوں نے کہا۔ مخالف عناصر تعاون کی بجائے نکتہ چینی کی راہ اختیار کر کے ثابت کر رہے ہیں کہ غذائی قلت کے مسئلے پر قابو پانا ان کا مقصد نہیں بلکہ اس کی آڑ میں اقتدار پر قبضہ کرنا ان کا مطلوب ومقصود ہے"

(امروز لاہور 30 جنوری 1967ء)

1971ء کے حالات اور دعاؤں کی تحریکات

1971ء میں پاکستان اور بھارت کی جنگ سے قبل آپ نے پاکستان کی کامیابی کی دعا کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا "دعا کریں اللہ تعالیٰ پاکستان کو ہر قسم کی کامیابی عطا کرے اور دشمن ناکام و نامراد ہو"۔ نیز فرمایا "احباب جماعت کو مالی قربانیوں اور دعاؤں کے ذریعہ اپنے ملک اور قوم کی خدمت کرنی چاہئے"۔ (خطبہ جمعہ 10- اکتوبر 1971ء)

3- دسمبر 1971ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا "ہر احمدی کا فرض ہے کہ وہ ملک کی سلامتی اور استحکام کے لئے اپنا سب کچھ وقف کر دے"۔

استحکام پاکستان کے لئے صدقات کی تحریک

وقتاً فوقتاً آپ پاکستان کی سلامتی اور استحکام کے لئے دعاؤں اور صدقات کی تحریک فرماتے رہے۔ 22 ستمبر 1972ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا "ضروری بات میں اس وقت یہ کہنا چاہتا ہوں کہ ہمارے ملک کے موجودہ حالات صاحب فراست کے دل میں تشویش پیدا کر رہے ہیں۔ اندرونی دشمن' دشمنی کے کاموں میں لگے ہوئے ہیں اور بیرونی دنیا کا ایک بڑا حصہ ہمارا دوست نہیں ہے بلکہ وہ ہمارا دشمن ہے اور ان کی باتیں' ان کے منصوبے' ان کی خواہشات اور ان کے عمل ہمارے ملک کے خلاف ہیں۔ گو ساری دنیا تو ہمارے خلاف نہیں....... لیکن دنیا کا ایک بڑا حصہ ہمارا دشمن ہے .... اس واسطے قوم پر اس وقت ایک ابتلاء کا وقت ہے۔ دعاؤں اور صدقات سے ابتلاء دور ہو جایا کرتے ہیں۔ اس لئے آپ دعائیں کریں اور استحکام پاکستان کے لئے جس حد تک ممکن ہو صدقات بھی دیں"۔

(الفضل ربوہ یکم اکتوبر 1972ء)

سیلاب زدگان کی امداد

1973ء میں آپ نے یورپ کا دورہ فرمایا اور پاکستان ان دنوں سیلاب کی آفت کا شکار ہو گیا آپ نے کوپن ہیگن' ڈنمارک سے جو پیغام جماعت کے نام بھجوایا اس میں فرمایا "نیز پاکستان کی سلامتی اور سیلاب زدگان کی امداد کے لئے ہر ممکن کوشش کرتے رہیں"۔

(الفضل 16 ستمبر 1973ء)

مخدوش حالات اور جذبہ حب الوطنی

1974ء میں پاکستان کی قومی اسمبلی نے آئین میں جماعت کو غیر مسلم اقلیت قرار دے دیا۔ اس کے باوجود آپ کے جذبہ حب الوطنی کو وہ آپ سے جدا نہ کرسکے۔ آپ نے جلسہ سالانہ 1974ء پر اپنے خطاب میں فرمایا ”حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حب الوطن من الایمان اپنے وطن سے محبت کرنا جزو ایمان ہے۔ آپؐ نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ماؤں کے پاؤں تلے جنت ہے۔ اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ مادر وطن کے پاؤں تلے جنت ہے .... پاکستان ہمارا وطن ہے اس میں بسنے والے احمدیوں کا یہ وطن ہے .... ہم نے اس ملک سے اس طرح خدمت لینی ہے کہ پاکستان جو ہمارا پیارا ملک ہے وہ دنیا کے معزز ترین ممالک میں شمار ہونے لگے .... ہم نے بہر حال دعائیں کرنی ہیں .... یہ ذمہ داری کہ دعاؤں کے ساتھ ہم اپنے ملک کے استحکام اور اس کی خوش حالی کے سامان پیدا کریں بہت بڑی حد تک جماعت احمدیہ پر عائد ہوتی ہے“۔

(افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ 1974ء)

قوم سے شفقت اور رحمت کا سلوک

آپ کی ہر آن یہ کوشش رہی کہ جن طبقوں کی طرف سے جماعت کو دکھ دیئے جاتے ہیں اور نفرت کی جاتی ہے اور برا سلوک روا رکھا جاتا ہے ان کی طرف سے بھی ایک احمدی کا دل میلا نہ ہو اور احمدی ہر حال میں ملک وقوم کا ہمیشہ کی طرح خیر خواہ رہے۔ چنانچہ آپ نے کئی مواقع پر اس امر کو ملحوظ رکھتے ہوئے جماعت کے افراد کو مخاطب کر کے فرمایا ”خلاصہ یہی ہے کہ جس طرح عجز کے ساتھ دنیا سے کلیۃً منہ موڑ کر اور خالصتاً اپنے رب کے حضور حاضر رہ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے زندگی گزاری ہے اور جس طرح آپ بنی نوع انسان کے لئے محض شفقت اور محض رحمت تھے اس طرح کی زندگی اگر ہم بھی گزارنے کی کوشش کریں یعنی ایک طرف ہم حقوق اللہ کو ادا کرنے کی کوشش کریں اور دوسری طرف خدا تعالیٰ کے بندوں کے حقوق کا بھی لحاظ رکھنے والے ہوں اور ان پر شفقت اور رحم کرنے والے ہوں۔ ان سے پیار کرنے والے ہوں، ان کے کام آنے والے ہوں اور اپنی دعا اور تدبیر کے ساتھ، ان کے دکھوں کو دور کرنے والے ہوں، تب اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل کے ساتھ، محض اپنے فضل کے ساتھ محض اپنے فضل کے ساتھ ہمیں اٹھا کر اپنی گود میں بٹھا لے گا کیونکہ اس کے فضل کے بغیر ہماری نجات ممکن نہیں“۔

(الفضل ربوہ 9 فروری 1966ء)

پھر فرمایا

”ہمارے مخالفین جتنا چاہیں زور لگالیں ہمارے دل میں ان کے لئے کبھی نفرت پیدا نہیں ہوگی۔ ان کی مخالفت پر ہمیں کبھی غصہ نہیں آتا .... بعض ایسے حضرات جنہوں نے ساری عمر احمدیت کے خلاف ایڑی چوٹی کا زور لگایا مگر جب وہ زندگی کی آخری گھڑیوں میں متروک ومہجور اور علاج تک کے محتاج تھے ہم نے ان کی مقدور بھر خدمت کی۔ یہ دور ہی کچھ ایسا ہے بیٹا باپ کو چھوڑ سکتا ہے یا باپ بیٹے کو چھوڑ سکتا ہے لیکن ایک احمدی کسی انسان کی مصیبت میں تنہا نہیں چھوڑ سکتا کیونکہ وہ دنیا میں محبت واخوت اور ہمدردی وغمخواری کے لئے پیدا کیا گیا ہے۔ یہ اس کا فرض ہے جسے اس کو نبھانا چاہئے۔ انسانی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ محبت و پیار کا یہ پیغام نہ پہلے کبھی ناکام ہوا ہے نہ آئندہ انشاء اللہ ناکام ہوگا“۔

(الفضل ربوہ 16 جولائی 1970ء)

فرمایا ”دنیا تیوریاں چڑھا کے اور سرخ آنکھیں کر کے تمہاری طرف دیکھ رہی ہے تم مسکراتے چہرے سے دنیا کو دیکھو“۔

(خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 1973ء)

”سارے غصے دل سے نکال ڈالو اور ساری تلخیاں بھول جاؤ۔ صرف اپنا مقصد سامنے رکھو کہ ہم نے محبت اور پیار سے دنیا کے دل جیتنے ہیں“۔

(خطاب جلسہ سالانہ 1980ء)

”ہمیشہ یاد رکھو کہ ایک احمدی کسی سے دشمنی نہیں کرتا اور نہ کرسکتا ہے کیونکہ اس کے خدا نے اسے پیار کرنے کے لئے اور خدمت کرنے کے لئے پیدا کیا ہے“۔ (خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 1970ء)

”کسی سے دشمنی نہ کرو خواہ وہ ساری عمر تم سے دشمنی کرتا رہا ہو“۔

(خطاب جلسہ سالانہ 1970ء)

معاندین کے خلاف حسین ردعمل

فرمایا

”میں اکثر کہا کرتا ہوں کہ اسی (80) سال سے ساری دنیا کی گالیاں اور ظلم جو ہمارے اوپر ہو رہے ہیں ہماری مسکراہٹ نہیں چھین سکے اور ہم سے قوت احسان نہیں چھین سکے۔ ہمارا بڑے سے بڑا دشمن اگر کسی کام کے لئے ہمارے پاس آتا ہے تو ہم مسکرا کر اس کا کام کر دیتے ہیں“

(خطاب سالانہ اجتماع خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ 8 اکتوبر 1971ء)

”حضرت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کے دل میں ایمان کی بشاشت پیدا ہو

خدا کی قسم ! ہمیں پاکستان سے پیار ہے

تمام احمدی پاکستان کے ممنون احسان ہیں اور ہمیشہ اس کے لئے دعائیں کرتے رہیں گے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا حب الوطنی سے معمور ارشاد

”پاکستان کے لئے بھی دعائیں کرو کیونکہ سب سے زیادہ محبت ہمیں پاکستان سے صرف اس لئے نہیں کہ وہ ہمارا یعنی پاکستان سے آنے والوں کا وطن ہے بلکہ .... ساری دنیا میں یہ ایک ہی ملک ہے جو کلمے کے نام پر وجود میں آیا تھا ...... پس چونکہ آغاز کے طور پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت اور خدا کے نام پر یہ ملک جیتا گیا تھا اس لئے ہماری محبت بہر حال قائم رہے گی .... پس اے پاکستان کے عظیم وطن! خدا کی قسم ہمیں تجھ سے پیار ہے ...... اور وہ سارے احمدی بھی جن تک تیری سرزمین میں پیدا ہونے والوں نے پیغام حق پہنچایا تھا وہ بھی تیرے ممنون ہیں اور ہمیشہ ممنون احسان رہیں گے اس لئے وہ بھی تیرے لئے دعا کرتے رہیں گے“

(اختتامی خطاب جلسہ سالانہ انگلستان 27۔ جولائی 86ء) (روزنامہ الفضل۔ 13 اگست 1998ء)

جائے اس کو کوئی خطرہ نہیں ہوتا اور اصل مسرت اور بشاشت تو دلوں میں پیدا ہوتی ہے اور چہروں سے ظاہر ہوتی ہے اس لئے جماعت احمدیہ کا طرہ امتیاز یہ ہے کہ دنیا جس طرح چاہے ہی کا امتحان لے لے۔ وہ ان چہروں کی مسکراہٹیں ان سے نہیں چھین سکتی۔ یہ دنیا کی طاقت میں نہیں‘‘

(الفضل ربوہ 26 فروری 1974ء)

خیر خواہی اور خدمت کے ماٹو

1980ء کا وہ سال تھا جب چودھویں صدی ہجری اختتام پذیر ہوئی اور پندرہویں صدی ہجری طلوع ہوئی آپ نے اپنے خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 1980ء پر فرمایا ’’پچھلی صدی میں میں نے احباب جماعت کو ’’حمد اور عزم‘‘ کا ماٹو دیا تھا...... پندرہویں صدی کے عظیم الشان ماٹوز...... پہلا ماٹو ’’محبت و پیار‘‘...... ہمارا اگلا ماٹو ’’خیر خواہی اور خدمت‘‘ ہے...... کسی کو دکھ نہیں دینا‘ کسی سے برائی نہیں کرنی‘ کوشش کرنی ہے کہ دنیا جو دکھوں‘ بے چینی اور بے اطمینانی کی بھٹی میں جل رہی ہے یہ سب دور کر کے ماحول اور معیشت میں خوشی اور اطمینان پھیلا دیا جائے تاکہ دنیا سمجھے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم واقعی دنیا کے حقیقی محسن اعظم ہیں‘‘۔

(الفضل ربوہ 29 دسمبر 1980ء)

انسانی صلاحیتوں کی نشوونما کی تحریک

مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ کے سالانہ اجتماع کے موقع پر فرمایا

’’اللہ تعالیٰ نے انسان کو احسن تقویم میں پیدا کیا اور احسن تقویم کی پیدائش کے نتیجہ میں اصولی طور پر اسے چار قسم کی قوتیں اور استعدادیں دیں: ایک جسمانی طاقت ہے...... پھر ذہنی استعداد ہے...... پھر اخلاقی قویٰ اور استعدادیں ہیں اور پھر روحانی قویٰ اور استعدادیں ہیں‘‘۔

(خطاب 10 اکتوبر 1971ء)

ایک موقع پر فرمایا ’’...... ان چار قسموں میں سے کسی قسم کی قوت اور صلاحیت کو نظر انداز کرنے کی اجازت نہیں۔‘‘

(خطبہ جمعہ 4 فروری 1972ء)

’’اللہ تعالیٰ نے ہر فرد کو جسمانی‘ ذہنی‘ اخلاقی اور روحانی استعدادیں عطا کی ہیں۔ عوام کی حقیقی فلاح اس امر کی متقاضی ہے کہ ان کی جملہ استعدادوں کی کامل نشوونما کا انتظام کیا جائے‘‘

(دورہ مغرب 1400 ھجری ص 359)

اپنے بچوں کو صحت مند بنائیں۔ اس کے لئے دو باتیں ضروری ہیں ایک یہ کہ انہیں اچھی غذا دیں دوسرے یہ کہ ورزش کے ذریعہ اس غذا کو ہضم بھی کرائیں۔ دنیا میں ہماری جماعت سب سے زیادہ صحت مند ہونی چاہئے‘‘

(دورہ مغرب 1400ھ ص 376)

ایک مومن کی زندگی کا اصل حسن تو روحانی اور اخلاقی کمالات کو حاصل کرنا ہے لیکن اس کے لئے جسمانی صحت و توانائی بھی ضروری ہے‘‘۔

(الفضل ربوہ 10 مئی 1972ء)

’’ہر احمدی عورت اور بچی کو دنیا میں سب سے زیادہ صحت مند ہونا چاہئے اس کا نتیجہ یہ نکلے گا کہ وہ پڑھائی کے میدان میں بھی آگے نکلیں گی...... ہماری احمدی خواتین اور بچیوں کو صحت کے میدان میں سب سے زیادہ صحت مند...... ذہانت کے میدان میں سب سے زیادہ ذہین ہونا چاہئے اور اخلاق کے میدان میں نور اور حسن کا ایسا نمونہ دکھانا چاہئے کہ جس سے دوسری خواتین کے دل جیتے جا سکیں اور روحانی رفعتوں میں ایسی بلندی پر ہونا چاہئے کہ جو روحانیت کو نہیں مانتے وہ بھی قائل ہو جائیں۔

(خطاب جلسہ سالانہ 1974ء)

ملکی معیشت اور کم خوری

فرمایا ’’کم کھانے سے بدن میں چستی اور جفاکشی کی عادت پیدا ہوتی ہے چنانچہ دیکھا گیا ہے کہ عربی النسل گھوڑوں کی خوراک دوسرے گھوڑوں کی نسبت بہت ہی کم ہے لیکن ان میں چستی اور جفاکشی دوسرے گھوڑوں کی نسبت کہیں زیادہ ہے‘‘۔

(الفضل ربوہ 23 مئی 1971ء)

مزید فرمایا

’’آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی فرمایا کرتے تھے کہ مومن کو کم کھانا چاہئے اور پرخوری سے بچنا چاہئے۔ اگر ہماری قوم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد پر عمل پیرا ہو جائے تو علاوہ اعلیٰ صحت کے ملک سے غذائی قلت بھی جاتی رہے گی اور عوام کو اکثر بیماریوں سے نجات بھی مل جائے گی‘‘۔

اسی طرح فرمایا

’’ہمارے احمدیوں کو پرخوری سے اجتناب کرنا چاہئے اور ملک میں ایسی تحریک شروع کرنی چاہئے کہ یہ بات عوام کے ذہن نشین کرائی جائے کہ زیادہ کھانے سے نقصان ہی ہوتا ہے اور اپنی صحت کا بھی اور قومی معیشت کا بھی‘‘۔

(الفضل ربوہ 23 مئی 1971ء)

سویابین کا استعمال

فرمایا

’’بچوں کی تعلیمی ترقی کا اہتمام کرنے کے ضمن میں ان کی صحت کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے بعض خوراکیں بچوں کی جسمانی صحت اور ذہنی نشوونما کے لئے بہت مفید ہیں۔ ان میں سے ایک سویابین بھی ہے۔ دوسری مفید غذاؤں کے ساتھ ساتھ بچوں کو سویابین بھی ضرور دینی چاہئے لیکن یہ احتیاط ضروری ہے کہ سویابین اصلی اور اعلیٰ قسم کی ہو۔ سویابین کے متعلق جدید تحقیق یہ ہے کہ اس میں 24 فیصد تیل ہوتا ہے اس تیل میں ایک کیمیکل ہے جسے لیسی تھین Lecithin کہتے ہیں۔ یہ کیمیکل بچوں کی عام صحت اور بالخصوص سکولوں میں پڑھنے والے بچوں کے ذہن کے لئے بہت مفید ہے‘‘۔

(دورہ مغرب 1400ھ ص 349)

تمام استعدادوں کی نشوونما

اسی طرح فرمایا ’’میں سمجھتا ہوں کہ سب سے بڑا حق نفس کا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو قوتیں اور استعدادیں دی ہیں وہ اپنے دوسرے وسائل اور عطایا اس طرح خرچ کرے کہ یہ قوتیں اور استعدادیں اللہ تعالیٰ کی ربوبیت اور فضل کے نتیجہ میں اپنے کمال تک پہنچ جائیں تاکہ انسانی پیدائش کا مقصد پورا ہو‘‘

(الفضل 9 جولائی 1969ء)

ہمارے دل میں اپنے ملک کی بہت محبت ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث فرماتے ہیں:۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

حب الوطن من الایمان جس ملک میں تم رہتے ہو۔ جہاں تم پیدا ہوئے۔ جہاں کے تم شہری ہو۔ جہاں کی مٹی سے اگنے والا اناج تم نے کھایا ہے۔ جہاں کے پانی سے تم سیراب ہوئے ہو۔ جہاں میری پیدا کرنے والی نعمتوں سے تم نے حصہ لیا ہے اس کی محبت تمہارے دل میں پیدا ہونی چاہئے۔ ہر شخص کی محبت کا اظہار مختلف ہے۔ اپنی سمجھ اپنی عقل کے مطابق‘ خدا تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق ہماری سمجھ اور عقل کے مطابق ہماری محبت اپنے ملک کے لئے‘ اور ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے دل میں بڑی محبت ہے اپنے ملک کی دعا ہمارے ملک کے لئے یہ ہے کہ اے خدا! اس ملک میں استحکام پیدا کر۔ اس ملک کو مضبوط بنا۔ اس ملک میں بسنے والوں کے لئے اپنی رحمت کے سامان پیدا کر۔ اپنے فضلوں سے انہیں نواز۔ ان کے اعمال کو ایسا بنا جو تیرے حضور مقبول ہو سکیں اور تیری رضا کو اور تیرے پیار کو حاصل کر سکیں۔

ہم تو خدمت کے لئے‘ ہم تو پیار کے لئے پیدا ہوئے ہیں۔ ہم تو احسان کرنے کے لئے پیدا ہوئے ہیں۔ (۔) ہم کسی پر غصہ کرنے کے لئے پیدا نہیں ہوئے۔ 1974ء میں عارضی طور پر ایک فساد پیدا ہوا۔ بعض دوستوں کو (سب کو نہیں) تکلیف بھی ہوئی۔ میرے پاس آتے تھے۔ میرا فرض تھا ان کو تسلی دلاؤں۔ میں ان کو اس وقت بھی کہا کرتا تھا بڑے زور سے کہتا تھا ہمیشہ کہتا ہوں اور اب بھی کہتا ہوں۔ میں انہیں یہ کہتا تھا کہ جس نے تمہیں دکھ پہنچایا۔ میرا حکم صرف یہ نہیں کہ اس ظلم کا بدلہ ظلم سے نہ لو۔ میرا حکم یہ ہے کہ تمہارے دل میں بھی ان کے خلاف غصہ نہ رہے۔ بلکہ محبت کا جذبہ ہو اور دعائیں کرنے کا طریق ہو۔ اور خدا کے فضل سے یہ بڑی پیاری جماعت ہے۔ اتنا عظیم اور اتنا حسین نمونہ ہماری جماعت نے اس سختی کے زمانہ میں دکھایا۔ میرے علم میں نہیں الا ماشاء اللہ چند ایک کہ زیادہ لوگ پھسلے ہوں۔(۔)

ہمارے آقا نے (دینی) تعلیم کی روشنی میں ہمیں یہ حکم دیا تھا کہ پا کے دکھ آرام دو اس میں کہا گیا تھا تمہیں دکھ دیا جائے گا لیکن میں کہتا ہوں۔ دکھ تو تمہیں دیا جائے گا لیکن دکھ کا بدلہ نہیں لینا۔ بلکہ آرام دینا ہے۔ زبان سے اذیت نہیں پہنچانی۔ اور دل میں غصہ نہیں رکھنا۔ بلکہ تمہارے دل میں ہمدردی اور پیار اور جوش ہی رہے اور تم دعاؤں میں لگ جاؤ۔ جتنی شدت لسانی ایذا کی ہو اس سے زیادہ شدت تمہاری دعاؤں میں پیدا ہو۔ اور خدا کے فضل سے جماعت نے سب کے لئے دعائیں کیں۔ ہمارے بھائی ہیں۔ جن کو خدا تعالیٰ نے اپنا بندہ بننے کے لئے پیدا کیا۔ کیا آپ اس سے نفرت کریں گے؟ خدا کہتا ہے کہ میں نے اس کو اپنا بندہ بننے کے لئے پیدا کیا ہے اور آپ اس سے دشمنی کریں گے۔ وہ اس کا بندہ ابھی بنا یا نہیں بنا لیکن اس کی پیدائش کی غرض یہ ہے کہ وہ خدا کا بندہ بنے اور ہمارا فرض ہے کہ ہم تعاونوا علی البر و التقوٰی کے ماتحت اس کی پوری مدد کریں اور کچھ نہ ہو تو دعاؤں کے ساتھ مدد کریں ایسے بھی ہیں جو پیار سے بات سننے کے لئے بھی تیار نہیں۔ تب بھی ہمیں غصہ نہیں آتا۔ لیکن دعاؤں کے ساتھ ان کی مدد کو شروع کریں اور دعائیں کرتے رہیں۔ کرتے رہیں۔ کرتے رہیں۔ حسن سلوک کرتے رہیں۔ کرتے رہیں۔ کرتے رہیں۔ اور یاد رکھیں آپ اور دنیا بھی یاد رکھے کہ ہم نے اپنے خدا سے یہ عہد کیا ہے کہ ہم اس کے لئے اس کے بندوں کے دل جیتیں گے اور ہم پیار کے ساتھ اپنے مقصد میں کامیاب ہوں گے ایک دن انشاء اللہ تعالیٰ۔ اللہ تعالیٰ کی توفیق کے ساتھ۔‘‘

(افتتاحی خطاب جلسہ سالانہ ربوہ 26 دسمبر 1979ء)

پاکستان کی اقتصادی خوشحالی

آپ نے 1969ء میں (دین حق) کے اقتصادی نظام کے اصول اور فلسفہ پر کئی خطبات ارشاد فرمائے اور اقتصادی خوشحالی کے بارہ میں مقدور بھر رہنمائی فرمائی۔ آپ نے 26 ستمبر 1969ء کو اقتصادی نظام کی منصوبہ بندی کے حق و حکمت پر مبنی ہونے کے بارہ میں جو خطبہ ارشاد فرمایا اس میں پاکستان کے بارے میں فرمایا:

’’اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب تم میری ہدایت کے مطابق اس میدان میں جس میں تمہیں اختیار دیا گیا ہے تدبیر کرو گے اور منصوبے بناؤ گے...... تو تمہیں تین چیزوں کی ضرورت پڑے گی ایک تو Statistics یعنی اعداد و شمار...... پھر جب تم ان اعداد و شمار کو اپنے سامنے رکھو گے‘ تو غور و فکر کر کے تمہیں کچھ فیصلے کرنے پڑیں گے اور

تیسرے جب تم کچھ فیصلے کرو گے تو تمہارے بہت سے فیصلے جزاء کے طور پر ہوں گے یعنی ان کے نتیجہ میں کسی فرد یا کسی گروہ کو بدلہ مل رہا ہو گا تمہارے تینوں عمل خالصۃً میرے لئے ہونے چاہئیں......

پہلا مطالبہ جو ہمارے رب نے ہم سے کیا ہے یہ ہے کہ جب تم اعداد و شمار اکٹھے کرو تو وہ اعداد و شمار صحیح ہوں اور پھر جب ان اعداد و شمار کو سامنے رکھ کر تم کوئی منصوبہ بناؤ، تو اس بات کا خیال رکھو کہ وہ منصوبہ صرف پنجاب کو فائدہ پہنچانے کیلئے نہ ہو، وہ منصوبہ صرف مشرقی پاکستان کو فائدہ پہنچانے کے لئے نہ ہو۔ وہ منصوبہ صرف سندھ کو فائدہ پہنچانے کیلئے نہ ہو، وہ منصوبہ صرف صوبہ سرحد کو فائدہ پہنچانے کے لئے نہ ہو، بلکہ وہ ایسا منصوبہ ہو جس سے ہر پاکستانی شہری کو فائدہ پہنچتا ہو............

اعداد و شمار کے استعمال کے وقت دجل نہیں کرنا، ظلم نہیں کرنا، بے انصافی نہیں کرنی بلکہ اللہ تعالیٰ کے قائم کردہ اصول پر منصوبے بنانے چاہئیں اور اعداد و شمار کا جو صحیح استعمال ہے وہی استعمال ہو غلط استعمال نہ ہو............

پھر فرمایا ”جب کوئی منصوبہ بنایا جاتا ہے تو اس کے دو پہلو ہوتے ہیں ایک پہلو ہوتا ہے پیدا کرنا اور دوسرا پہلو ہوتا ہے کہ اس منصوبہ نے جو پیدا کیا ہے اس کو تقسیم کرنا اب مثلاً باوجود اس کے کہ ہماری حکومت اور ہمارے ملک کا یہ منصوبہ بڑا کامیاب ہوا ہے کہ ضرورت کے مطابق اجناس ملک میں پیدا ہو جائیں اور اب ہمارے ملک میں مجموعی لحاظ سے غذا کی کمی نہیں ہے، یعنی مجموعی لحاظ سے جتنا کھانا سارے پاکستانیوں کو ملنا چاہئے تھا وہ پیدا ہو گیا، لیکن اس کی تقسیم جو انسان نے کرنی تھی وہ صحیح نہیں ہوتی اس کے اندر نقص رہ گیا ہے۔ اسی نقص کی وجہ سے گو گندم وافر مقدار میں ملک میں موجود ہے مگر پیٹ بھوکے ہیں پیٹ خالی ہیں کیونکہ ان پیٹوں تک گندم نہیں پہنچتی۔ اس کا انتظام نہیں کیا گیا قضی بینھم بالقسط میں ہمیں یہ ہدایت دی گئی ہے کہ جب تم کوئی منصوبہ بناؤ، تو وہ منصوبہ خدا تعالیٰ کی ہدایت کے مطابق ایسا ہونا چاہئے کہ اس میں سب کے حقوق کا خیال رکھا گیا ہو اور اگر تم خدا کی ہدایت پر عمل کرو گے تو ایسا ہو گا کہ اس کی تقسیم بھی منصفانہ ہو گی اور پھر اس کے بعد کوئی پیٹ بھوکا نہیں رہے گا۔ کوئی تن ننگا نہیں رہے گا۔ کوئی خاندان بغیر سایہ کے نہیں رہے گا۔ کوئی بیمار یہ حسرت دل میں لے کر نہیں مرے گا کہ میرا علاج ہونا چاہئے تھا مگر مجھے نظر انداز کر دیا گیا ہے نہ تنگ نظر آئے گا اور نہ کوئی ہاتھ مانگنے کیلئے دوسرے کے سامنے پھیلے گا۔ ہر شخص کی عزت قائم ہو گی۔ ہر شخص کو اس کا حق مل رہا ہو گا لیکن حق وہی ہے جو اللہ تعالیٰ نے قائم کیا ہے وہ حق نہیں جو لوگ اپنی طرف سے بنا لیں“۔

(اسلام کے اقتصادی نظام کے اصول اور فلسفہ ص 117 تا 124)

وقت کا استعمال

اس ضمن میں فرمایا ”وقت کا ضیاع ایک قومی نقصان ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر سارے پاکستانی اپنی استعداد کے مطابق اقتصادی میدان میں اپنا پورا زور لگا دیں تو کوئی وجہ نہیں کہ ہمارا معیار زندگی ایک سال کے اندر اندر دگنا تگنا نہ ہو جائے“

(خطبہ جمعہ فرمودہ 18 جولائی 1969ء بحوالہ اسلام کے اقتصادی نظام کے اصول اور فلسفہ ص 91)

چودہ اگست عزم کی تاریخ بن گیا

پھولوں کی بات سن نہ چمن کی پکار سن
میری زباں سے ارضِ وطن کی پکار سن
مغرب کی روشنی میں نہائے ہوئے بشر
سہمی ہوئی لطیف کرن کی پکار سن
سیلابِ رنگ و نور سے فرصت ملے اگر
مجھ سے چمن کے سرو سمن کی پکار سن
آزادئ دیارِ دل و جاں کے نام پر
آشفتگئ اہلِ سخن کی پکار سن
اے ہوشمند آج صریرِ قلم کے ساتھ
سن گوش ہوش سے مرے فن کی پکار سن
نغموں کے ساتھ ساتھ یہ ہنگامِ جشن خاص
آلودگانِ رنج و محن کی پکار سن

تاریکیوں کے بوجھ کو سر سے اتار دے
اے صاحب شعور وطن کو نکھار دے
آواز دے رہی ہے ضمیروں کی سادگی
اہلِ وطن کو رنگِ وفا سے سنوار دے
جس سر زمیں کو تو نے دیا زندگی کا خون
اس سر زمیں کو دولتِ فصلِ بہار دے
پھر ایک بار جُہدِ مسلسل کا عزم کر
صحرائے جستجو پہ ہر اک چیز وار دے
کر زندگی کو وقفِ دل و جاں کے ہمرکاب
توفیقِ کارِ خیر جو پروردگار دے
کتنے ہی ہمسفر ہیں ابھی تک بجھے بجھے
چہروں سے ان کے گردِ مسافت اتار دے
چودہ اگست عزم کی تاریخ بن گیا
ثاقب فلک پہ ذرۂ ارضِ وطن گیا

ثاقب زیروی

HAROON'S
shop No.5.Moscow plaza
Blue Area Islamabad
ph: 826948
Shop no.8 Block A,
super Market Islambad
PH: 275734-829886

کراچی اور سنگاپور کے K-21 اور K-22 کے فینسی زیورات کا مرکز
العمران جیولرز سیالکوٹ پاکستان
AIJ
الطاف مارکیٹ ۔ بازار کاٹھیاں والا
فون دکان: 594674 فون رہائش: 553733
موبائل 0300-9610532 پروپرائٹر:۔ عمران مقصود

نہ بجھا سکیں انہیں آندھیاں جو چراغ ہم نے جلائے تھے

تاریخ پاکستان اور مشاہیر جماعت احمدیہ کی خدمات

سر ظفراللہ خان عالم عرب کا وکیل اور یہود کا مخالف - عالمی شہرت یافتہ وزیر خارجہ

سلامتی کونسل میں مسئلہ کشمیر کی بے مثال فتح اور حق خودارادیت کا اٹل اصول

محترم پروفیسر راجا نصراللہ خان صاحب

سر ظفراللہ خان عالم عرب کا وکیل اور یہود کا مخالف

کچھ عرصہ پہلے 'نوائے وقت سنڈے میگزین' میں نوائے وقت کے بانی ایڈیٹر اور مایہ ناز صحافی حمید نظامی مرحوم کے 1954ء کے غیر ملکی سفر نامے کی ڈائری بعنوان "خیرہ نہ کر سکا مجھے جلوہ دانش فرنگ" شائع ہوئی ہے- 11 مئی 1954ء کے دن کا ذکر کرتے ہوئے جناب حمید نظامی لکھتے ہیں:

"صبح آٹھ بجے ہوائی جہاز پیرس سے اڑا اور پونے گیارہ بجے میونخ پہنچا...... ایک یہودی اس ہوائی جہاز میں وی آنا جا رہا تھا- اس شخص نے بتایا کہ میں سولہ برس پہلے نازیوں کے ظلم و ستم سے تنگ آکر وی آنا سے بھاگا تھا...... مذکورہ بالا یہودی کوئی یہودی عالم تھا اور سیاسی آدمی- چوہدری ظفراللہ خان کی سخت مذمت کرتا تھا- مگر ان کی قابلیت کا بے حد مداح تھا- وی آنا پریس اسمبلی میں ایک اسرائیلی اخبار کا ایڈیٹر بھی آیا ہوا ہے- یہ شخص بھی چوہدری ظفراللہ خان کو برا بھلا کہتا تھا مگر یہ بھی کہتا تھا کہ یو این کے ممبر عرب ملکوں میں قابلیت کے لحاظ سے کوئی شخص چوہدری ظفراللہ خان کا پاسنگ نہیں"-

(نوائے وقت سنڈے میگزین 25 فروری 2001ء ص4)

قابل اور کامیاب وزیر خارجہ

ایک پاکستانی سیاستدان اور قانون دان کے لحاظ سے چوہدری صاحب کی قابلیت اور کامیابی کا اس سے بڑھ کر کیا ثبوت چاہئے کہ دسمبر 1947ء میں خود قائداعظم نے چوہدری صاحب کو مملکت خداداد پاکستان کا پہلا وزیر خارجہ مقرر فرمایا اور کابینہ میں انہیں سینئر وزیر کا مرتبہ دیا- چوہدری صاحب کوئی سات سال تک پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ وزیر خارجہ رہے تاوقتیکہ بعض وجوہات کی بنا پر انہوں نے خود ہی اس منصب سے استعفیٰ دے دیا-

چوہدری صاحب کی بطور وزیر خارجہ پاکستان لیاقت و صلاحیت کے متعلق دو حوالے درج کئے جاتے ہیں:

(i) سابق سفیر مصر اور سابق صوبائی وزیر سید احمد سعید کرمانی ماہنامہ "قومی ڈائجسٹ" کے ساتھ اپنے انٹرویو میں بیان کرتے ہیں:

"بانی پاکستان کے ساتھ مخلص اور معتمد سیاسی رہنماؤں، دانشوروں، وکلاء، صحافیوں اور دوسرے شعبہ ہائے زندگی سے متعلق افراد کی شاندار ٹیم جمع ہو گئی تھی- قائد کو ان لوگوں کی صلاحیتوں کا اندازہ ہوتا تھا وہ جانتے تھے کہ کس آدمی سے کیا کام لینا ہے- پاکستان کے پہلے وزیر خارجہ چوہدری محمد ظفراللہ خان بھی قائد کا ایک اچھا انتخاب تھے"-

(ii) نواز شریف دور کے وزیر مملکت امور خارجہ محمد صدیق کانجو "نوائے وقت جمعہ میگزین" کے ساتھ اپنے انٹرویو میں بیان کرتے ہیں:

"ہمارے ملک میں بہت اچھے وزیر خارجہ ہو گزرے ہیں جن میں ظفراللہ خان، بوگرہ صاحب اور بھٹو صاحب شامل ہیں"-

(نوائے وقت جمعہ میگزین 16 ستمبر 1994، ص3)

(iii) اقوام متحدہ میں پاکستان کے ایک سابق مستقل مندوب اور وزیر خارجہ پاکستان جناب آغا شاہی کا "جنگ سنڈے میگزین" میں شائع شدہ انٹرویو سے ایک سوال اور اس کا جواب:

"جنگ: سر ظفراللہ کا کردار کافی متنازعہ تھا؟

آغا شاہی: نہیں- انہوں نے نوآبادیاتی نظام کے خلاف آواز اٹھائی- لیبیا اور انڈونیشیا کی آزادی کی بات کی- افریقی ممالک کے لئے آواز اٹھائی- وہ امریکہ کے ساتھ پاکستان کے فوجی معاہدوں کے سخت خلاف تھے- انہوں نے اچھی روایات کی بنیاد رکھی"-

(جنگ سنڈے میگزین یکم جولائی 2001ء ص9 کالم نمبر5)

مسئلہ کشمیر - مستقل اور بے مثال فتح

جیسا کہ قارئین کرام جانتے ہیں 1947ء میں بھارت نے کشمیر پر چڑھائی کر دی اور جب کشمیری حریت پسندوں اور قبائلی مجاہدین نے بھارتی فوج کے خلاف جوابی کارروائی کی تو بھارت مدعی بن کر اقوام متحدہ میں پہنچ گیا- وہاں پر جنوری 1948ء میں بھارت کے نمائندے سر گوپالا سوامی آئینگر سابق وزیراعظم کشمیر کا سامنا پاکستان کے مایہ ناز وزیر خارجہ چوہدری سر محمد ظفراللہ خان سے ہوا- اس معرکہ کا جو نتیجہ نکلا اس کے لئے ایک حوالہ معروف کشمیری مضمون نگار کلیم اختر (مرحوم) کے مضمون "خان لیاقت علی خان ان کا سیاسی عہد اور مسئلہ کشمیر" مطبوعہ 'نوائے وقت' سے پیش کیا جاتا ہے-

"یہ حقیقت ہے کہ سلامتی کونسل میں بھارت کو شکست ہوئی بھارت کی شکایت یہ تھی کہ پاکستان قبائلیوں اور مجاہدین کی امداد کر رہا ہے- اسلئے اسے جارح قرار دیا جائے- مگر سلامتی کونسل میں وزیرخارجہ پاکستان نے مسئلہ کشمیر کی تاریخ اور تحریک کو بیان کر کے بھارت کے موقف کی دھجیاں اڑا دیں اور سلامتی کونسل نے یہ فیصلہ دیا کہ جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام استصواب رائے عامہ سے کریں گے"-

(نوائے وقت 18 اکتوبر 1988ء)

